نسلی مساوات کی ترویج کے لیے
موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی

گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی (GPA) کی اہم سرگرمیوں میں سے ایک کمرشلائزیشن کی صلاحیت کی حامل اضافی سرکاری املاک کو لیز پر دینا اور جہاں مناسب ہو کمرشلائزیشن کے نئے اقدامات کو نافذ کرنا ہے۔ ہم تمام عامۃ الناس کے نسلی پس منظر سے قطع نظر، متعلقہ خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔

متعلقہ خدمات

- GPA کی طرف سے فراہم کردہ متعلقہ خدمات میں شامل ہیں (i) اضافی کوارٹرز کا لیز یا فروخت کے ذریعے بندوبست کرنا اور (ii) کمرشلائزیشن کی صلاحیت کی حامل اضافی سرکاری املاک کو کرائے پر دینا۔

موجودہ اقدامات

- سابقہ سرکاری کوارٹرز کی خریداری کی دعوت کا حامل ٹینڈر اور سرکاری املاک پر کرایہ داری کی دعوت کا حامل ٹینڈر/کوٹیشن GPA کی ویب سائٹ پر ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں۔
- GPA کی سالانہ رپورٹ اور ماحولیاتی رپورٹ بھی ہماری ویب سائٹ پر دونوں سرکاری زبانوں میں شائع ہوتی ہے۔
- جہاں ضروری اور موزوں ہو وہاں زبان سے متعلقہ خدمات کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- GPA وقتاً فوقتاً ہماری خدمات کا جائزہ لیتا ہے، تاکہ متنوع النسل افراد کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں

- سینٹر فار ہارمونی اینڈ اینہانسمنٹ آف ایتھنک مینارٹی ریذیڈنٹس (CHEER) کے ذریعے جہاں ضروری اور موزوں ہو وہاں ترجمانی کی سروس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ CHEER آٹھ زبانوں میں ٹیلی فون کی ترجمانی کی خدمات فراہم کرتا ہے، یعنی بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تگالوگ، تھائی اور ویتنامی۔
- عملے کے لیے تربیت میں شرکت کا اہتمام کیا گیا ہے تاکہ ان کی نسلی مساوات کے متعلق بیداری اور حساسیت کو بڑھایا جا سکے۔
- GPA باقاعدگی سے "ترجمانی / ترجمہ کی خدمات کی ضرورت" اور سروس

صارفین کی "ترجیحی زبان" کے بارے میں معلومات اکٹھا کرتا ہے جنہیں ترجمانی / ترجمہ کی خدمات کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ نسلی مساوات پر ہماری پالیسیوں اور اقدامات پر پڑنے والے اثرات کا اندازہ لگایا جا سکے، اور سروس کی فراہمی کے لیے مسلسل بہتری کو ممکن بنایا جا سکے۔

- مسلسل بہتری کے لیے موجودہ اقدامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا۔

- آراء / تجاویز پر بھی غور کیا جائے گا کہ آیا جہاں ضروری اور موزوں ہو وہاں ان میں مزید اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

استفسارات کے لیے، براہ مہربانی درج ذیل ذرائع کو وساطت سے Mr. Michael LAM، سینئر کلیریکل آفیسر (ایڈمنسٹریشن) سے رابطہ کریں -

ٹیلیفون نمبر : 3842 6797
فیکس نمبر : 2877 9423
ای میل : enquiry@gpa.gov.hk
ڈاک کا پتہ : گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی
9/F.، ساؤتھ ٹاور
ویسٹ کولون گورنمنٹ آفسز
11 ہوئی ٹنگ روڈ، یاؤ ما ٹی
کوولون

گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی
مئی 2025